AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 12 October 2026
Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پوری دنیا ابھرتے ہوئے چیلنجوں کا حل نکالنے کیلئے بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔انہوں نے اُمید ظاہر کی ہے کہ بھارت کے نوجوانوں میں ان چیلنجوں کا حل نکالنے کی صلاحیت موجود ہے۔کل شام چنئی میں جے گوپال گروڈیا ہندو ودیالیہ کی گولڈن جبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وکست بھارت کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے میں نوجوانوں کے رول کو اجاگر کیا۔
وزیراعظم نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کو ترقی یافتہ بنانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت اس موبائیل فون تیار کرنے والا دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے۔نریندر مودی نے کہا برآمدات کے شعبے میں **2014** سے کئی گنا زیادہ اضافہ ہوا ہے۔

رام داس

سماجی انصاف کے مرکزی وزیر رام داس اٹھاوَلے نے کہا ہے کہ ان کی وزارت جموں وکشمیر میں اولڈ ایج ہومز اور دیگر امدادی سہولیات سے متعلق جموں وکشمیر سرکار کے منصوبوں پر غور کرنے کیلئے تیار ہے۔
وزیر موصوف ، جوکہ جموں وکشمیر کے دورے پر ہیں ، نے کل سرینگر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران ان کی وزارت کے ذریعے یوٹی میں عملائے جارہے مختلف فلاحی پروگراموں کو اُجاگر کیا۔
انہوں نے سکل ڈیولپمنٹ ، آنٹرپرینیورشپ اور چھوٹی صنعتوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ روزگار کے زیادہ سے زیادہ وسائل پیدا کئے جاسکیں۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں ، بہتر بنیادی ڈھانچے ، سرمایہ کاری ، موافق پالیسیوں اور اختراعی ماحول کی بدولت جموں وکشمیر عالمی صلاحیتی مرکز (GCC) کے ایک اہم مقام کے طور پر ابھرنے کیلئے تیار ہے۔

جموں میں منعقدہ 2 روزہ جموں وکشمیر Global Capability Centres سمٹ 2026 کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے صنعتی اور تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون، ہنر مندی کے فروغ اور جامع ترقی پر زور دیا۔

فوت

نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر سردار ہربھنس سنگھ جموں میں فوت ہوئے ہیں ۔اُن کی عمر **84** برس تھی ۔اُن کی آخری رسومات آج شاستری نگر جموں میں شام پانچ بجے انجام دی جائیں گی۔

آنجہانی **1996** سے **2002** تک فاروق عبداللہ کی حکومت میں کابینی وزیر رہے ہیں ۔کئی سیاسی اور سماجی لیڈروں نے آنجہانی کے فوت ہونے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے ۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سردار ہربھنس سنگھ کے فوت ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے لواحقین کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے ۔انہوں نے آنجہانی کے فوت کو ایک بہت بڑا نقصان قرار دیا ہے۔

نوراترا

9 دنوں پر مشتمل نوراتری کا کل سے آغاز ہوا۔ان دنوں مندروں خاص طور سے شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن کٹرا میں خصوصی پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

استھاپن پر ملک کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شردھالو بھاری تعداد میں حاضری دیتے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے اور پرارتھنا کی ہے کہ یہ پوترادن ملک کیلئے خوشحالی، امن واستحکام کو ترقی کی نوید لیکر آئے گا۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی نوترا کے موقعے پر جموں وکشمیر کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے دعا کی ہے کہ یہ تہوار ہم سے سب کیلئے خوشحالی اور امن وسکون کا باعث بنیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری جموں وکشمیر اٹل ڈلو نے کٹرہ کے یوگ آشرم گراؤنڈ میں نوراترا فیسٹیول 2026 کا افتتاح کیا۔9 روزہ یہ میلہ 19 اکتوبر تک جاری رہے گا۔

اس دوران مذہبی تقریبات،شوبھا یاترا،بھجن مقابلے،ثقافتی پروگرام اور کوی سمیلن منعقد ہوں گے۔

چیف سیکریٹری نے شردھالوؤں کیلئے بہتر سہولیات،صفائی اور سیاحت کے فروغ پر زور دیا۔

منشیات

منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک بڑی کارروائی کے دوران پولیس نے اننت ناگ میں **10** ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ان کے قبضے سے نشیلی اشیاء کی ایک بڑی مقدار برآمد کی گئی ہے۔

اس دوران پولیس نے ہندواڑہ میں بھی ایک ڈرگ سمگلر کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔

بارہ مولہ میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلئے پولیس کے اہتمام سے ایک پروگرام منعقد ہوا۔

ریلوے

ریلوے ریکروٹمنٹ بورڈ مختلف زمروں میں گریجویٹ سطح کی **3** ہزار **548** اسامیاں پُر کررہا ہے۔ان اسامیوں میں چیف کمرشل کم ٹیکٹ سپروائزر، **Goods Train** مینجر، جونیئر اکاؤنٹس اسسٹنٹ کم ٹائپسٹ اور سینئر کلرک کم ٹائپسٹ کی اسامیاں شامل ہیں۔

درخواست فارم بھرنے کا عمل رواں مہینے کی **8** تاریخ سے شروع ہوا ہے۔خواہشمند امیدوار **6** نومبر تک درخواستیں آن لائن جمع کراسکتے ہیں۔

ووٹر مہم

جموں وکشمیر میں ووٹر اندراج کی خصوصی دو روزہ مہم اختتام پذیر ہوئی۔ 10 اور 11 اکتوبر کو منعقدہ اس مہم کے دوران اہل شہریوں کو ووٹر فہرست میں نام درج کرانے، تفصیلات میں تصحیح اور شکایات کے ازالے کی سہولت فراہم کی گئی۔

الیکشن محکمہ نے نوجوانوں اور نئے ووٹروں سے بھی اندراج کی اپیل کی۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ

....